## سوال

(54) وضو کے بعد دو گھونٹ پانی پینا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وضو کے بعد پانی کے دو گھونٹ پینا سنت ہے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر پانی پینے کی ضرورت ہو یا کوئی مسئلہ بتانا مقصود ہو تو وضو سے بچا ہوا پانی پینے میں کوئی حرج نہیں ہے، جیسا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے کوفہ میں ایک مرتبہ وضو کیا، پھر کھڑے ہو کر بچا ہوا پانی نوش کیا اور فرمایا کہ ''میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح کھڑے ہو کر پانی پیتے دیکھا ہے۔'' [صحیح بخاری: ٥٦١٦]

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ اصحاب الحدیث

**جلد: 2 صفحہ: 93**